48961- عمرہ کرکے بال کٹوانا بھول گئی اور پھر دوبارہ عمرہ کرلیا

سوال

میں نے عمرہ کی ادائیگی کی اوربال کٹوانا بھول گئی پھرمیں نے دوبارہ نئے عمرہ کا احرام باندھا اوراورطواف اور سعی کرکے اپنے بال کٹوائے تومیرے پہلے اوردوسرے عمرہ کا حکم کیا ہوگا اور مجھ پرکیا واجب ہوتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

میں نے اس کے بارے میں اپنے استاد وشیخ عبدالرحمن البراک سے پوچھا توان کا جواب تھا :

مسلمان فقہاء کرام کے ہاں عمرہ پر عمرہ داخل کرنا صحیح نہیں لہذا دوسرا عمرہ ضائع ہوگا اوردوسرے عمرہ میں بالوں کی کٹنگ پہلے عمرہ کی طرف سے ہوگی ۔ .